© rasailojaraid.com



اصلاح کا گر' اسوۂ حسینؓ کا پیغام' عید قربان' تلاوت قرآن' موت کے دروازے پر' روزہ کس لیے؟ چند لمحے رسولؐ کی مجلس میں' جب آپ کی بیٹی کا پیغام آئے' فقروفاقہ' ایک آزمایش وغیرہ--- زندگی ہی کی طرح اس کتاب کا دائرہ' عبادات سے اعمال تک اور معاشرت سے معیشت تک وسیع ہے۔ مصنف کا مقصد یہ ہے کہ قاری کو حقیقی معنوں میں شعورِ حیات حاصل ہو۔

زبان عام فہم اور سادہ ہے۔ انداز و اسلوب' تحریر سے زیادہ تقریر کا ہے۔ انفرادی تربیت وتزکیے کے لیے یہ ایک مفید کتاب ہے۔ (قاسم محمود وینس)

## تعارف کتب

☆ فکر امروز' صاحبزادہ خورشید احمد گیلانی۔ ناشر: خورشید گیلانی ٹرسٹ ۲۲' ایچ مرغزار آفیسرز کالونی' ملتان روڈ' لاہور۔ صفحات: ۲۱۱۔ قیمت: ۱۲۰ روپے۔ [یہ اس کتاب کی دوسری اشاعت ہے۔ (طبع اول ۱۹۹۵ء) اہم دینی' ملّی' ملکی اور بین الاقوامی مسائل پر فکرانگیز تبصرے اور تجزیے' جیسے: عالمی قیادت کا امریکی خواب' بنیاد پرستی' اسلامک ورلڈ آرڈر' ارباب اقتدار کی نفسیات' اسلام کیسے نافذ ہوا اور کون نافذ کرے؟ وغیرہ۔]

☆ اُردو سرکاری زبان' چودھری احمد خاں۔ ناشر: ادارہ منشورات اسلامی' بالمقابل منصورہ' ملتان روڈ' لاہور۔ صفحات: ۴۶۰۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔ [''پاکستان کی سرکاری زبان اُردو ہوگی'' (قائداعظم)۔ مگر یہ کیوں نہ ہو سکا؟ یہ کتاب اس کی دل خراش داستان ہے۔ طبع اوّل (اکتوبر ۱۹۹۶ء) پر تبصرہ دیکھیے: ترجمان' جنوری ۱۹۹۶ء۔ یہ دوسرا ایڈیشن ہے۔]

☆ شرح شمائل ترمذی' اوّل' مولانا عبدالقیوم حقانی۔ ناشر: القاسم اکیڈمی' جامعہ ابوہریرہ' خالق آباد' نوشہرہ۔ صفحات: ۶۴۰۔ قیمت: درج نہیں۔ [شمائل ترمذی کی شرحوں پر ایک اضافہ۔ احادیث کا متن اعراب کے ساتھ مع اسناد' تحت اللفظ اُردو ترجمہ اور تشریحات بہ شمول: راویان حدیث کا تذکرہ۔]

☆ انفاق فی سبیل اللہ' منیر احمد خلیلی۔ ناشر: ادارہ مطبوعات سلیمانی' رحمٰن مارکیٹ' غزنی سٹریٹ' اُردو بازار' لاہور۔ صفحات: ۲۴۸۔ قیمت: ۱۶۵ روپے۔ [۱۸' ۲۰ سال قبل' یہ کتاب پہلی بار چھپی تھی۔ اب مؤلف نے نظرثانی کی اور متعدد اضافے کر کے' اسے جامع تر بنانے کی کوشش کی ہے۔ ایک اخوانی رہنما عبدالبدیع السید صقر کی نظر میں یہ ''حقیقی علمی ونظری مباحث سے مالا مال'' ہے اور ''عام مسلمانوں کے لیے اور خاص طور پر زکوٰۃ وصدقات کے امور سے بحث وشغف رکھنے والے حضرات کے لیے بڑی مفید ثابت ہوگی''۔]

© rasailojaraid.com